خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی

☆ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیفات کو علمی حلقوں میں قبول عام حاصل رہا ہے۔ ان کے متعدد ایڈیشن منظرِ عام پر آئے ہیں اور دیگر زبانوں میں تراجم ہوئے ہیں۔ ملک سے باہر بھی علمی حلقوں میں ان تصانیف کو مقبولیت حاصل ہو رہی ہے۔ حال میں اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی نے مولانا کی تین کتابوں کو شائع کیا ہے۔

(۱) اسلام- انسانی حقوق کا پاسبان (۲) اسلام میں خدمت خلق کا تصور (۳) وقتِ حساب۔

☆ ۱۸-۲۰ نومبر ۲۰۰۵ء کو جماعتِ اسلامی ہند حلقۂ اتر پردیش مشرق کا اجتماع عام اعظم گڑھ (یو پی) میں اور ۲۸-۲۹ رجنوری ۲۰۰۶ء کو آل مہاراشٹر اجتماعِ عام اورنگ آباد میں منعقد ہوا۔ ان دونوں اجتماعات کا مرکزی موضوع كُونُوا قَوَّامِيْنَ بِالْقِسْطِ (انصاف کے علم بردار بنو) تھا۔ صدر ادارہ نے ان اجتماعات میں شرکت کی اور مرکزی موضوع پر خطاب کیا۔

☆ جماعتِ اسلامی ہند اسلامی بینکنگ کے موضوع پر ۱۸-۱۹ رفروری ۲۰۰۶ء میں ایک دوروزہ بین الاقوامی سمینار منعقد کر رہی ہے۔ اس کے ذریعے ملک میں اسلام کے مالیاتی نظام کو متعارف کرانے کے امکانات پر غور کیا جائے گا اور اس کے مواقع کی نشان دہی کی جائے گی۔ مختلف ممالک سے اسلامی بینک کاری کے ماہرین کی شرکت متوقع ہے۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی اس سمینار کے کنوینر ہیں۔

(ادارہ)